روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعۃ المبارک، 17 مئی 2024ء
بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا اسلام آباد

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی زیر صدارت عوامی آگاہی کیلئے ویبینار

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ روز ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے تحت عوامی آگاہی کے حوالے سے ایک ویبینار کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مسلسل اس کوشش میں مصروف ہے کہ عوام الناس کو انتظامی انصاف ان کے گھر کی دہلیز پر پہنچایا جائے۔ ویبینار میں آذربائیجان، بینن، چین، ہانگ کانگ، انڈونیشیا، ایران، مراکش، تاتارستان، تھائی لینڈ اور ترکی کے محتسبین نے بھی آن لائن شرکت کی۔